سلسلہ تفسیر القرآن العظیم

خیرکم من تعلم القرآن وعلمہ

# وَاعْلَمُوا

10

## دسویں پارے/جزء کا مختصر تعارف

مضامین قرآن کا جامع ومختصر تعارف

حافظ ارشد بشیر عمری مدنی وفقہ اللہ

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

Copyright Reserved جمیع الحقوق محفوظة

# دسویں پارے (جزء) "واعلموا" کا مختصر تعارف

**Edition 2022**

**Shaikh Arshad Basheer Umari Madani**
Waffaqahullaah

Hafiz, Alim, Fazil (Madina University, K.S.A), M.B.A.;
Founder & Director of AskIslamPedia.com
Chairman: Ocean The ABM School, Hyderabad, TS, INDIA.
+91 92906 21633 (WhatsApp only)
www.abmqurannotes.com I www.askislampedia.com I www.askmadani.com

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

بسم الله الرحمن الرحيم

رَّبِّ أَنزِلْنِي مُنزَلًا مُّبَارَكًا وَأَنتَ خَيْرُ الْمُنزِلِينَ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# كِتَابٌ أَنزَلۡنَاهُ إِلَيۡكَ مُبَارَكٌ لِّيَدَّبَّرُوا آيَاتِهِ وَلِيَتَذَكَّرَ أُولُو الۡأَلۡبَابِ

سُوۡرَۃُ صٓ

یہ بابرکت کتاب ہے جسے ہم نے آپ [ﷺ] کی طرف اس لئے
نازل فرمایا ہے کہ لوگ اس کی آیتوں پر غور و فکر کریں
اور عقلمند اس سے نصیحت حاصل کریں۔

# دوسویں پارے (جزء) کا مختصر تعارف

## "Para No. 10- Wa'alamu"- وَاعْلَمُوا

"وَاعْلَمُوْا" دسویں پارے کو اہل علم نے بارہ (12) یونٹس میں تقسیم کیا ہے، اس پارے میں سورۃ الانفال اور سورۃ التوبۃ کا مختصر تعارف ہے ان دو سورتوں میں بڑی گہری مناسبت پائی جاتی ہے، دسویں پارے کے 12 یونٹس حسبِ ذیل ہیں:

| یونٹس کے حساب سے پارہ 10 "وَاعْلَمُوْا" کی آیات اور مضامین کی تقسیم | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹس | آیات | | مضامین |
| | | | سورۃ الانفال |
| یونٹ نمبر:1 | 41 | 44 | مال غنیمت کی تقسیم کا بیان ، فتح کے ذریعے کفار و مشرکین پر مسلمانوں کو ہمیشہ کے لیے غالب کر دیا مشرکین مکہ اور کفار قریش کے دلوں پر مسلمانوں کا دبدبہ قائم ہو گیا۔ |
| یونٹ نمبر:2 | 45 | 49 | غزوہ بدر کے موقعہ پر اللہ تعالی کی مدد اور نصرت کے اصولوں نیز وجوہات اور اسباب کا بیان، اور ذکر اللہ کی کثرت کی تاکید، غزوہ بدر میں ابلیس نے اپنا پورا زور لگا دیا لیکن وہ کامیاب نہ ہو سکا۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹ نمبر:3 | 50 | 54 | کفار اور مشرکین کے لئے غرغرئے موت اور سکرات موت بہت ہی تکلیف دہ ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ ظالم نہیں ہیں لوگ خود پر ظلم کرتے ہیں، فرعون کو غرق کئے جانے کا تذکرہ۔ |
| یونٹ نمبر:4 | 55 | 63 | عہد وپیمان کو توڑنے والے کفار و مشرک زمین کی بدترین مخلوق قرار دی گئی، اللہ تعالیٰ خیانت کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا، کفار کے خلاف ہمیشہ تیار رہنے کا حکم دیا گیا، عہد شکن قوم کے خلاف معاہدہ ختم کرنے کے احکام و مسائل بیان کئے گئے۔ |
| یونٹ نمبر:5 | 64 | 66 | ایک مسلمان دشمنان اسلام پر بھاری ہے۔ |
| یونٹ نمبر:6 | 67 | 71 | غزوہ بدر کے موقعہ پر قید کئے جانے والے کفار قریش کا ذکر اور فدیہ کے مسائل کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:7 | 72 | 75 | غزوہ بدر میں لڑنے والے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی فضیلت کا بیان، مسلمان قوم اور دیگر اقوام کے آپسی تعلقات کے مسائل واحکام کا ذکر، مہاجر اور انصار کے تعلقات کا بیان۔ |
| سورۃ التوبۃ | | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹ نمبر:8 | 1 | 24 | عہد توڑنے والوں سے اللہ اور اللہ کے نبی ﷺ کا براءت کا اعلان، حج اکبر کے دن کا تعین، حرمت والے مہینوں کا ذکر، عہد کے شرائط کا بیان، امن چاہنے ولوں کو امن دینے کا اعلان، عہد کے شرائط اور اس کے احکام و مسائل کا بیان، جو عہد شکنی کرے اس کے خلاف سخت سزا کا اعلان۔ |
| یونٹ نمبر:9 | 25 | 27 | واقعہ غزوہ حنین کا بیان، کثرتِ تعداد فتح کا ضامن نہیں ، اللہ تعالیٰ کی مدد اور نصرت کے بغیر کچھ بھی ممکن نہیں۔ |
| یونٹ نمبر:10 | 28 | 35 | حدود حرم کے احکام و مسائل کا بیان، یہود کے علماء اور درویش رب نہیں، کفار و مشرکین کی اسلام کو مٹانے کی دلی خواہش پوری نہ ہو سکی۔ |
| یونٹ نمبر:11 | 36 | 37 | سال کے 12 مہینے اور 4 حرمت والے مہینوں کا بیان، شرعی احکامات میں رد وبدل اللہ تعالیٰ کو سخت ناپسند ہے اس پر وعید بیان کی گئی ہے۔ |
| یونٹ نمبر:12 | 38 | 127 | غزوہ تبوک کے واقعات کا بیان اور غزوہ تبوک مسلمانوں اور منافقین کے درمیان ایک نشانِ امتیاز کی طرح ہے۔ |

**یونٹ نمبر1:**

دسواں پارہ، سورۃ الانفال سورۃ نمبر 8 کی آیت نمبر 41 سے لیکر آیت نمبر 44 میں مال غنیمت کی تقسیم کا تفصیلی بیان ہے اور آگے یہ ارشاد ہوا کہ غزوہ بدر میں اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو کامیابی اور کامرانی عطا فرمائی اور اس فتح کے ذریعے مسلمانوں کے وقار کے بلند فرمایا اور ایمان کو کفر پر ہمیشہ کے لیے غالب کر دیا، غالب ہونے کی ایک وجہ یہ بتائی گئی کہ کفار کی تعداد مسلمانوں کے مقابلے بہت زیادہ تھی اور مسلمان بہت قلیل تعداد میں تھے اور جب یہی قلیل تعداد فتح سے ہمکنار ہوئی تو مشرکین مکہ اور کفار قریش کے دلوں پر مسلمانوں کا دبدبہ قائم ہو گیا۔

**یونٹ نمبر1: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.1"**

- مال غنیمت کی تقسیم کا حکم (41)
- جنگ بدر میں اللہ کی مدد کا بیان (42-44)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

**یونٹ نمبر2:**

دسواں پارہ، سورۃ الانفال سورۃ نمبر 8 کی آیت نمبر 45 سے لیکر آیت نمبر 49 میں اللہ تعالیٰ کی مدد کے اصول اور ضوابط بیان کئے گئے نصرت کے وجوہات اور اسباب بھی بتائے گئے اور یہ بھی نصیحت کی گئی قتال کے وقت کثرت کے ساتھ اللہ کا ذکر کیا جائے اور آگے یہ بھی بتایا گیا کہ کفار قریش اور مشرکین مکہ کی مدد اور حمایت کے لیے ابلیس نے ایڑی چھوٹی کا زور لگا دیا لیکن وہ اپنے عزائم میں کامیاب نہ ہو سکا۔

**یونٹ نمبر2: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.2"**

- مومنوں کو جنگ میں ثابت قدم رہنے اور اخلاص اختیار کرنے اور اختلاف سے بچنے کی تاکید(45-47)
- شیطان کے دھوکے سے آگاہ کیا گیا اور مومنوں کے بارے میں منافقین کا قول (48-49)

**یونٹ نمبر3:**

دسواں پارہ، سورۃ الانفال سورۃ نمبر 8 کی آیت نمبر 50 سے لیکر آیت نمبر 54 میں بتایا جارہا ہے کہ جب کافروں کو موت آتی ہے اور جب غرغرئے موت اور سکرات کا عالم ہوتا ہے اس وقت کفار کو شدید درد و کرب میں مبتلا کر دیا جاتا ہے ان کے چہروں اور پیٹ پر بیدردی سے مارا جاتا ہے اور آگے اس کی ایک وجہ یہ بھی بتائی گئی کہ بعض کفار ابلیس کی طرح اللہ کے دشمن ہیں اور آگے یہ بھی بتایا گیا کہ اللہ تعالیٰ کسی پر ظلم نہیں کرتے بلکہ لوگ خود اپنے آپ پر ظلم کرتے ہیں اس کے بعد فرعون کا بحر میں غرق کر دیئے جانے ذکر ہے اور یہ بتایا گیا کہ جو اللہ تعالیٰ کے اور اللہ کے نبی کے نافرمان ہے ان کا انجام بہت ہی برہونے والا ہے۔

**یونٹ نمبر3:کے موضوعات "Few Topics of Unit No.3"**

- کفار کو عذاب کی شدت سے ڈرایا گیا(50-51)
- آل فرعون اور ان سے پہلے والوں کی مثال بیان کی گئی(52-54)

**یونٹ نمبر4:**

دسواں پارہ، سورۃ الانفال سورۃ نمبر 8 کی آیت نمبر 55 سے لیکر آیت نمبر 63 میں ان کفار اور مشرکین کا ذکر کیا گیا جو عہد شکنی کے مرتکب ہوئے اور ان کے لیے یہ کہا گیا یہ دنیا کی بدترین مخلوق ہیں جو عہد و پیمان کو توڑتے ہیں، اور آگے یہ بتایا گیا کہ اللہ تعالیٰ خیانت کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا، اس کے بعد اعداء اسلام کے خلاف ہمیشہ تیار رہنے کے لیے کہا گیا اور اس کی وجوہات بتائی گئی، اس کے بعد یہ بتایا گیا کہ مسلمانوں کے ساتھ جس کسی قوم کے ساتھ بھی معاہدہ ہوا اگر وہ قوم بدعہدی کے مرتکب کہلاتے ہیں تو اس قوم سے عہد و پیمان ختم کرنے کے احکام و مسائل بتائے گئے ہیں۔

| یونٹ نمبر 4: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.4" |
|---|

- کفار کی بعض صفات بیان کی گئی اور ان کے ساتھ کیسا سلوک کیا جائے بتایا گیا (55-59)
- دشمنوں سے مقابلہ کے لیے طاقت کی تیاری کرنے کا حکم اگر وہ صلح کے لیے مائل ہو جائیں تو صلح کر لی جائے (60-61)
- نبی ﷺ اور مومنوں پر اللہ کے انعامات کا بیان اور تالیف قلب کا بیان (64-62)

**یونٹ نمبر 5:**

دسواں پارہ، سورۃ الانفال سورۃ نمبر 8 کی آیت نمبر 64 سے لیکر آیت نمبر 66 میں یہ بتایا گیا کہ ایک مرد مسلمان کفار و مشرک پر بھاری ہے اور اس کے بعد یہ کہا گیا کہ آپس میں متحد رہو تم ہی غالب رہو گے۔

**یونٹ نمبر5:کے موضوعات "Few Topics of Unit No.5"**

- مومنوں کی طاقت اور اتحاد کا ذکر(66-65)

**یونٹ نمبر6:**

دسواں پارہ، سورۃ الانفال سورۃ نمبر 8 کی آیت نمبر 67 سے لیکر آیت نمبر 71 میں یہ مسئلہ بیان کیا جارہا ہے کہ غزوہ بدر میں جن کفار قریش کو قید کیا گیا کیا ان کو معاف کر دینا بہتر یا بطور سزا ان کو قتل کر دینا چاہیئے اللہ کے نبی ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے مشورہ طلب فرمایا اور کفار قریش کو بطورِ فدیہ رہا کر دیا گیا یہاں پر فدیہ کے مسائل بھی بیان کیئے گئے ہیں۔

**یونٹ نمبر6:کے موضوعات "Few Topics of Unit No.6"**

- جنگ میں قیدیوں اور مالِ غنیمت کے احکام(71-67)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

**یونٹ نمبر7:**

دسواں پارہ، سورۃ الانفال سورۃ نمبر 8 کی آیت نمبر 72 سے لیکر آیت نمبر 75 میں غزوہ بدر میں لڑنے والے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی عظمت اور فضیلت بیان کی گئی ہے اس کے بعد اسلامی "Society" سے دیگر اقوام کے آپسی تعلقات کے مسائل بیان کیئے گئے، اس کے بعد مہاجر اور انصار کے درمیان محبت و رفاقت کا بہترین نمونہ پیش کیا گیا اور ان کے آپسی تعلقات کا ذکر کیا گیا۔

**یونٹ نمبر7:کے موضوعات "Few Topics of Unit No.7"**

- اسلامی اخوت ہی مضبوط اخوت ہے اور أعداء اسلام کی دوستی سے بچنے کا حکم (72-75)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# سُورَةُ التَّوبَة

## SURAH AT-TAWBAH

| The Repentance | Tawbah | توبہ |
|---|---|---|
| "The Place of Revelation" / مقام نزول - مدینہ<br>Madinah | | |
| یہ سورت مدینہ میں نازل ہوئی | | |

## "Few Objectives" بعض اہداف

- اس سورت کا ہدف اس کے نام سے ہی عیاں ہے یعنی توبہ۔
- یہ سورت غزوۂ تبوک کے بعد نازل ہوئی یعنی نبوت کے 22 سال بعد۔ گویا کہ یہ سورت دعوت ورسالت کے اختتامی کلمات پر مشتمل ہے۔[1]
- اس سورہ میں معاہدے توڑنے والے دشمنان اسلام کا ذکر ہے یا پھر اسلام کے بھیس میں چھپے ہوئے منافقوں کی نقاب کشائی۔ (مزید تفصیل کے لیے تفسیر قرطبی ج/8 دیکھیں)

---

[1] (مزید تفصیل کے لیے تفسیر ابن کثیر ج/4/ص101 دیکھیں)

- غزوہ کی تیاری کے اعلان پر صحابہ رضی اللہ عنہم کا ردعمل اور جو پیچھے رہ گئے ان کو تنبیہ۔[2]
- بعض صحابہ اس سورہ کو السورۃ الفاضحۃ یعنی منافقوں کی پول کھولنے والی سورت کہتے تھے۔
- یہی وہ ایک سورت ہے جو بسملہ کے بغیر شروع ہوتی ہے۔اس کی وجہ یہ کہ چونکہ بسملہ امان ہے جبکہ یہ منافقین کے سلسلہ میں نازل ہوئی اور ان کے لیے عذاب کا پیغام لائی اس لیے بسملہ سے شروع نہیں کیا گیا(بقول علی رضی اللہ عنہ)۔(مزید تفصیل کے لیے تفسیر قرطبی ج/8 ص5)
- اس سورت کے 14 نام ذکر کیے گئے ہیں ان میں سے بعض یہ ہیں: براءۃ، التوبۃ، المخزیۃ، الفاضحۃ، الکاشفۃ، المنکلۃ، العذاب، المدمدمۃ، المقشقشۃ، المبعثرۃ، المشردۃ، المثیرۃ والحافرۃ۔ [3]

## مناسبت / لطائف تفسیر

- سورہ انفال صحابہ کو تیاری کا حکم دیتی ہے۔(self development)، جبکہ سورہ توبہ میں warning کا ذکر ہے اہل کتاب، کفار قریش اور دیگر جو نبی اور صحابہ کے دشمن تھے۔

---

[2] (مزید تفصیل کے لیے تفسیر قرطبی ج/8 دیکھیں ص72)

[3] (التفسیر الموضوعی: جامعۃ الشارقۃ)

- یہ سورت انفال کے بعد ہے اس میں ایک نکتہ یہ ہے کہ انفال میں سب سے پہلے غزوہ کا ذکر ہے اور توبہ میں سب سے آخری غزوہ تبوک کا ذکر۔
- یہ سورت اس وقت نازل ہوئی جب کہ مسلمان اسلام کو جزیرۂ عرب سے باہر سارے عالم میں پھیلانے کے لیے کوشاں تھے۔

**یونٹ نمبر**:8

سورۃ التوبۃ نزول کے اعتبار سے سب سے آخری سورۃ کہلاتی ہے، دسواں پارہ، سورۃ التوبۃ سورۃ نمبر9 کی آیت نمبر 1 سے لیکر آیت نمبر24 میں سورۃ التوبۃ کی ابتداء میں اللہ اور اللہ کے نبی ﷺ کے جانب سے عہد وپیان توڑنے والے کفار و مشرکین سے اظہار بیزارگی اور ان سے بری ہونے کا اعلان کیا گیا ہے، پھر اس سے متعلق احکام و مسائل بیان کئے گئے ہیں اس کے بعد حج اکبر کے دن کے تعین کا اعلان، اس کے بعد عہد نامہ کے احکام ومسائل بتائے گئے اس کے بعد حرمت والے مہینوں میں قتال کی حرمت بتائی گئی، اس کے کہا گیا کہ جو امن کا متقاضی ہو گا اس کو امن فراہم کیا جائے گا اس کے بعد عہد کی پابندی اور اس سے متعلق احکام ومسائل بیان کئے گئے اور جو عہد کی پابندی نہیں کرتا اس کو سخت سزا دینے کا حکم دیا گیا پھر کہا گیا اس متعلق مسلمانوں سے بھی بازپرس کی جائے گی۔

| یونٹ نمبر2: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.2" |
| --- |

- مشرکین کے عہد وپیان سے براءت اور ان کے معاملات کی تفصیل بتائی گئی(6-1)

- مشرکین کی صفات اور مومنوں کے معاملہ میں ان کی طبیعت کا بیان اور ان سے قتال کا حکم(7-15)
- جہاد پر ابھارا گیا(16)
- مساجد کو آباد کرنا، تعمیر کرنا مسلمانوں کا کام ہے(17-18)
- مشرکین کے زعم کی تردید کی گئی( 19)
- مومن مجاہدین کی فضیلت(20-22)
- کفار سے دوستی کرنے کی ممانعت اگرچہ کہ وہ قریبی رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں (23-24)

**یونٹ نمبر9:**

دسواں پارہ، سورۃ التوبۃ سورۃ نمبر 9 کی آیت نمبر 25 سے لیکر آیت نمبر 27 میں اللہ کی مدد اور نصرت کا خصوصی ذکر بیان کیا جارہاہے جب فتح مکہ کے بعد غزوہ حنین کا واقعہ پیش آیا اس وقت مسلمانو کی تعداد بہت کثیر ہو چکی تھی مکہ اور اطراف مکہ کے تمام لوگ مسلمان ہو چکے تھے اسی دوران قبیلہ ہوازن مسلمانوں کے خلاف جنگ پر آمدہ ہو گیا، اس غزوے میں بعض لوگ پیٹھ دکھا کر بھاگ گئے پھر اللہ تعالیٰ نے اللہ کے نبی ﷺ اور مسلمانوں کی مدد اور نصرت کی اور مسلمانوں کو یہ بتادیا گیا کہ تم کو اپنی کثرتِ تعداد پر گمان ہو گیا تھا اور تم نے دیکھ لیا کہ وہ کثرتِ تعداد تمہارے کچھ کام نہ آسکی اگر اللہ تعالیٰ تمہاری مدد نہ کرتا تو تم پسپا کر دیئے جاتے، پھر اللہ تعالیٰ کی مدد سے بہت کم تعداد نے غزوہ حنین کی پسپائی کو فتح میں تبدیل کر دیا۔

**یونٹ نمبر 2: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.2"**

- غزوۂ حنین کے دن اللہ تعالی نے مومنوں کی خصوصی مدد کی(25-27)

**یونٹ نمبر**10:

دسواں پارہ، سورۃ التوبۃ سورۃ نمبر 9 کی آیت نمبر 28 سے لیکر آیت نمبر 35 میں حدود حرم کی تفصیلات کا بیان، اس کے بعد کہا گیا کہ یہود نے عزیر علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا کہا تھا اور نصاریٰ نے عیسیٰ علیہ السلام علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا قرار دیا قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے اس عقیدے کی وضاحت فرمائی اور آگے فرمایا کہ انہوں نے اپنے عالموں اور درویشوں کو اپنا رب بنالیا ہے لہذا اللہ تعالیٰ نے اس عقیدے کا بھی رد فرمایا ہے اور یہ بتادیا گیا کہ سب سے بڑی ہستی اور سب سے بزرگ ہستی صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے، اس کے بعد یہ بتایا گیا کہ کفار اور مشرک اسلام کے نور کو مٹادینا چاہتے تھے لیکن اللہ تعالیٰ کو ان کی یہ خواہش منظور نہ تھی۔

| یونٹ نمبر 2: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.2" |
|---|

- مسجد حرام میں مشرکین کے دخول کی ممانعت(28)
- مشرکین سے قتال کی دعوت(29)
- مشرکین کا غلط عقیدہ کہ انہوں نے اللہ کی اولاد بتایا(30-33)
- یہودی اور عیسائی علماء لوگوں کا مال غلط طریقے سے کھاتے تھے(34-35)

**یونٹ نمبر**11:

دسواں پارہ، سورۃ التوبۃ سورۃ نمبر 9 کی آیت نمبر 36 سے لیکر آیت نمبر 37 میں سال کے بارہ مہینوں کی گنتی بتائی جارہی ہے ان میں سے چار مہینے حرمت والے مہینے کہلاتے ہیں اس کی

تفصیل ان شاء اللہ تفسیر میں ملاحظہ فرمائیں، مشرکین مکہ و کفار قریش اپنے سہولت کے اعتبار سے مہینوں کی گنتی کو آگے پیچھے کر دیا کرتے تھے اللہ تعالیٰ نے ان حرکات کو سخت ناپسند فرمایا ہے اور اس پر سخت وعید بیان کی ہے۔

## یونٹ نمبر 2: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.2"

- اشہر حرم کے تعلق سے مشرکین کا رویہ (36-37)

## یونٹ نمبر 12:

دسواں پارہ، سورۃ التوبہ سورۃ نمبر 9 کی آیت نمبر 38 سے لیکر آیت نمبر 127، یہ حصہ جملہ 89 آیات پر مشتمل ہے اور یہ آیات غزوہ تبوک کے واقعات پر مبنی ہیں، اس غزوہ سے تین صحابہ رضی اللہ عنہم پیچھے رہ گئے تھے بعد میں ان صحابہ رضی اللہ عنہم نے توبہ کی اور ان کی توبہ قبول کر لی گئی، چنانچہ قرآن مجید کا یہ حصہ مسلمانوں اور منافقین کے درمیان پائے جانے والے امتیاز کو ظاہر کرتا ہے غزوہ تبوک رومیوں کے خلاف جنگ تھی اور یہ جنگ شدید گرمی کے موسم میں لڑی گئی جبکہ عرب میں کھجور اور دیگر پھل پکنے کے آخری مرحلے میں تھے کئی ایک منافق اسی کو بہانہ بنا کر غزوہ میں شریک نہیں ہوئے چنانچہ قرآن کا یہ حصہ مسلمانوں اور منافقین کے درمیان پائے جانے والے امتیاز کو بخوبی ظاہر کرتا ہے کہ کون سچا مسلمان ہے اور کون منافق ہے اس کی تمام تفصیلات ان شاء اللہ تفسیر میں بیان کی جائیں گی۔

## یونٹ نمبر 2: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.2"

- جہاد کا حکم اور اللہ کی اپنے نبی کی مدد (38-41)
- مصارف زکاۃ کا بیان (60)

- منافقوں کی صفات اور ان کی سزا کا تذکرہ، مومنین کی صفات اور ان کے بدلہ کا تذکرہ(61-72)
- کفار اور منافقین سے جہاد کا حکم(73)
- منافقین کی صفات اور ان کی سزا کا تذکرہ(74-87)
- مومنوں اور رسول ﷺ کے جہاد اور ان کے جزا کا تذکرہ(88-89)
- جنگ میں عذر پیش کرنے والوں کی قسمیں اور ان کا حکم(90-93)
- منافقین کے جھوٹ کا انکشاف(94-96)
- دیہات کے کفار اور منافق کفر میں بہت سخت ہوتے ہیں(97-98)
- دیہاتی مومنوں کا بیان(99)
- اہل مدینہ کے مومنوں کا بیان(100)
- اہل مدینہ کے منافقوں کا بیان(101-102)
- صدقہ، توبہ اور اخلاص کی فضیلت(103-106)
- منافقین کی مسجد ضرار اور مومنوں کی مسجد قباء کا تذکرہ اور ان دونوں میں فرق (107-110)
- فائدہ مند تجارت اور اس کی صفات کا تذکرہ(111-112)
- مشرکین کے لئے استغفار کرنے کی ممانعت اور ابراہیم علیہ السلام کا اپنے باپ کے لیے استغفار کرنے کا سبب(113-116)
- غزوۃ تبوک والوں کے لیے اللہ کی توبہ کا تذکرہ(117-119)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

- رسول ﷺ کے جہاد کرنے کی وجہ سے اہل مدینہ کی فضیلت اور ان کے علم کا تذکرہ(120-123)
- جب سورتیں نازل ہوتی ہیں تو مومنوں کا کیا موقف ہوتا ہے(124)
- جب سورتیں نازل ہوتی ہیں تو منافقوں کا کیا موقف ہوتا ہے(125-127)
- رسول ﷺ کی بعض صفات کا تذکرہ(128-129)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# Free Islamic Books

www.abmqurannotes.com I www.askislampedia.com I www.askmadani.com

**Shaikh Arshad Basheer Umari Madani**
Hafiz, Alim, Fazil (Madina University, K.S.A), M.B.A.;
Founder & Director of AskIslamPedia.com
Chairman: Ocean The ABM School, Hyd.
+91 92906 21633 (WhatsApp only)